ایک مثال

تحریر......ڈاکٹر سید سلمان علی

السلام وعلیکم!

اگرمیں آپ کوکوئی ایسی مثال دینا چاہوں ہو جہاں کسی انسان نے اپنی کمزوری یا معذوری کو طاقت اور مضبوطی میں بدل دیا ہو تو امجد صدیقی صاحب اس کی بہترین مثال ہیں،دنیا میں جن لوگوں نے اپنی کمزوری کو طاقت بنایااس فہرست میں صدیقی صاحب کا نام بہت اوپر ہوگا۔

امجد صدیقی صاحب سے میری پہلی ملاقات کچھ سال پہلے ایک طبیب کی حیثیت سے ہوئی۔ جب وہ ریاض میں واقع ایک ہسپتال (جہاں میں کام کرتاہوں) میں داخل تھے اور میں ان کے ڈاکٹرز کی ٹیم کا حصہ بنا۔ بہت کم وقت میں یہ طبی ملاقات ایک ذاتی شناسائی میں بدل گئی اور امجد صاحب کو مزید جاننے کا موقع ملااور یہ اندازہ ہوگیا کہ بظاہر یہ کمزور انسان کتنے مضبوط اعصاب اور ارادوں کا مالک ہے۔

بطور ڈاکٹر میں سمجھتا ہوں کہ حادثے کے بعد ان کے اندرجس طرح کی جسمانی اور طبی پیچیدگیاں پیدا ہوئی ہیں ان پیچیدگیوں کی فہرست بہت طویل ہے مگر جس ہمت اور بہادری سے امجد صاحب سے ان کا مقابلہ کیا ہے اور کر رہے ہیں وہ ہم ڈاکٹروں کو بھی حیرانی میں ڈالنے کیلئے کافی ہے۔

امجد صاحب ایک کامیاب بزنس مین اور نہایت محب وطن پاکستانی ہیں۔انہوں نے متعدد تنہا سفر کیے اور اپنی اور پاکستان کی پہچان کرائی۔ ریاض میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کیلئے ان کی بے تحاشا خدمات ہیں۔ان کی ذاتی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں وہ جتنے ہمدرد اور مخلص انسان ہیں اتنے ہی اچھے مہربان بھی ہیں۔اب جبکہ وہ سعودی عرب سے پاکستان جاچکے ہیں ان کی کمی ریاض کی محافل میں خاص محسوسکی جاتی ہے۔

میری دعا ہے کہ اللہ امجد صاحب کو صحت مند رکھے اور ان کے استقلال اور ہمت میں کمی نہ آنے دے اور ہم سب کو ان کی مثال سے ایک مثبت سبق لینے کی توفیق عطا فرمائے ......آمین۔

والسلام

ڈاکٹر سید سلمان علی

الریاض سعودی عربیہ

نومبر2020